22/01/2025

09.25 AM(5 min)

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ اعجازہ اختر سے خبریں سُنئے

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے سول سیکرٹریٹ جموں میں منعقدہ ایک تقریب کے دوران سال 2025 کے کلینڈر اور محکمہ کی رسم رونمائی انجام دی ۔ Maps سیاحت جموں و کشمیر کی طرف سے تیار کئے گئے ٹریکنگ

کلینڈر میں خطے کے دلکش مناظر کی عکاسی پُر کشش تصویروں کے ذریعے کی گئی ہے جو خطے کے بھر پور سیاحتی استعداد کو ظاہر کرتا ہے ۔

محکمہ سیاحت کی کوششوں کو سراہتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے جموں اور کشمیر کو ایک اہم سیاحتی مقام کے طور پر فروغ دینے کیلئے ایسے اقدامات کی اہمیت پر زور دیا ۔

کو ٹرنکا

ضلع انتظامیہ راجوری نے پراسرار اموات کے سلسلہ وار واقعات سے متاثر کو ٹرنکا سب ڈویژن کے بڈھال گاو

ں کو ممنوعہ علاقہ قرار دے کر علاقے میں باہر سے لوگوں کے آنے جانے پر پابندی عائد کر دی ہے ۔ سیب ڈسٹرکٹ ہ مجسٹریٹ کو ٹرنکام دل میر نے اس کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ گاو

ں میں بھارتیہ ناگرک سرکشا سنہتا کی دفعہ 163نافذ کی گئی ہے اور متاثرہ کیوں کے رہائشی گھر بھی سیل کر دئے گئے ہ ہیں۔ علاقے میں تمام نجی اور عوامی تقاریب کو بھی تا حکم ثانی ممنوع قرار دیا گیا ہے۔

نائب وزیر اعلی

ڈسٹرکٹ ڈیولپمنٹ کونسل کشتواڑ کی چیئرپرسن پوجا ٹھاکر کی قیادت میں پاڈر کے ایک وفد نے نائب وزیر اعلی سریندر چودھری سے ملاقات کی۔ وفد نے انہیں پاڈر ناگسینی کے مکینوں کو درپیش اہم مسائل سے واقف کرایا اور ان کا فوری ازالہ کرنے کا مطالبہ کیانائب وزیر اعلیٰ نے وفد کے مسائل بغور سنے اور انہیں فوری حل کرانے کا یقین دلایا۔

سکینہ ایتو

صحت اور طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے گورنمنٹ میڈیکل کالج کٹھوعہ کا دورہ کیا اور Bachelors of Homeopathic میڈیسن اینڈ سرجری (BHMS) کے طلباءکے پہلے بیچ کے داخلے کی تقریب کی صدارت کی ۔

اس موقعہ پر انہوں نے کہا کہ یہ ادارہجموں و کشمیر میں صحت کی سہولیات کو بہتر بنانے میں مدد کرے گا ۔

بعد میں وزیر موصوفہ نے جی ایم سی کٹھوعہ کے سینئر وجونئیر ریزڈنٹ ڈاکٹروں کیلئے رہائشی ہوسٹل کا افتتاح کیا ۔

ستیش شرما

سائنس و ٹیکنالوجی کے وزیر ستیش شرما نے کہا ہے کہ جموں و کشمیر میں شمسی، ہائیڈرو اور قابل تجدید توانائی کے دیگر ذرائع کو بروئے کار لانے کی بے پناہ صلاحیت موجود ہے۔ جے پور راجستھان میں قابل تجدید توانائی پر علاقائی ورکشاپ میں اپنے خطاب کے دوران انہوں نے کہا کہ PM KUSUM اسکیم کے تحت جموں و کشمیر میں پانچ ہزار سولر ایگریکلچر پمپس کی تنصیب کا ہدف تھا جن میں سے 3 ہزار پمپس پہلے ہی نصب کئے گئے ہیں۔

پردھان منتری آواس یوجنا

مکانات و شہری معاملات وزارت کی طرف سے عملائی جا رہی پردھان منتری آواس یوجنا سکیم کےلئے رجسٹریشن کے عمل کو آسان کیا گیا ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ مستحقین اس سے استفادہ کر سکیں۔اس سکیم کا مقصد ملک میں بے گھر لوگوں کو رہنے کی بہتر سہولیات دستیاب کرانا ہے ۔ اس ضمن میں دیہی ترقیات محکمہ کشمیر کے ڈائریکٹر شبیر حسین بٹ نے شعبہ خبر کو بتایا۔

گاندربل

ضلع ترقیاتی کمشنر گاندربل شیامبیرنے ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کے دوران شری امرناتھ جی یاترا 2025 کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا ۔ یاترا کے لئے خدمات کے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے پر زور دیا گیا۔ کمشنر موصوف نے متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ وہ 24 جنوری 2025 تک کاموں کی منصوبہ بندی کو حتمی شکل دیں ۔

بارہمولہ

یوم جمہوریہ سے قبل صفائی ستھرائی کو فروغ دینے کے لیے ایک اہم قدم کے طور پرڈپٹی کمشنر بارہمولہ منگا شیرپا نے 'کلین ریور جہلم مہم' کا آغاز کیا۔ 21 جنوری سے 25 جنوری 2025 تک چلنے والی اس مہم کا مقصد دریائے جہلم کی صفائی اور ماحولیاتی تحفظ کے بارے میں عام لوگوں میں بیداری پیدا کرنا ہے۔

شاہراہ

سرینگر جموں قومی شاہراہ دو طرفہ ٹریفک کیلئے کھلی ہے۔ مسافروں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ لین نظم و ضبط پر عمل کر کے اووَر ٹیکنگ سے پرہیز کریں ۔

اُدھر سرینگر سونہ مرگ روڈ پر بیکن حکام کی طرف سے گرین سگنل ملنے کے بعد ہی ٹریفک کو چلنے کی اجازت ہوگی۔ تاہم بھدرواہ-چھمبا روڈ/مغل روڈ اورسنتھن روڈ ابھی تک ٹریفک کے لئے بند ہیں۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ